شیخوپورہ ماڈل کیٹل مارکیٹ میں تین روزہ پاکستان کیٹل شو

فیصل آباد کی بھینس نے پہلی، کاموکی کی نے دوسری، منڈی بہاؤالدین کی بھینس نے تیسری پوزیشن لی

لاہور (پ ر) تین روزہ پاکستان کیٹل شو، فیصل آباد کی راجن 32 لیٹر دودھ دے کر پہلے نمبر پر جبکہ کاموکی کی لاڈی 27 لیٹر دودھ دیکر دوسرے اور منڈی بہاؤالدین کی گل ناز نے 17 لیٹر دودھ دیکر تیسرا نمبر حاصل کیا۔تفصیلات کے مطابق لاہورڈویژن کیٹل مارکیٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے شیخوپورہ ماڈل کیٹل مارکیٹ میں تین روزہ پاکستان کیٹل شو کا انعقاد کیا گیا۔شو میں نیلی راوی نسل کے جانوروں میں دودھ کے مقابلے سمیت خوبصورت سانڈھ کے بھی مقابلے ہوئے جیتنے والے جانوروں کے مالکان کو لاکھوں روپے کے انعامات بھی دیے گئے۔ نیلی راوی بھینس میں پہلا انعام حاصل کرنے والے فیصل آباد سے چوہدری نذیر احمد گجر نے تین لاکھ روپے کا انعام جیتا جبکہ دوسرا انعام کاموکی کے چوہدری نصیر احمد گجر نے دولاکھ روپے جیتے اور تیسرا انعام منڈی بہاؤالدین کے چوہدری افتخار احمد نے حاصل کیا۔ ۔ایم ڈی کیٹل مارکیٹ ڈاکٹر احتشام الرحمان کا کہنا ہے کہ اس سے ملک کے فارمرز کی نہ صرف حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ ملک میں اعلیٰ نسل کے بیل اور گائے تیار کرنے کو فروغ ملے گا۔اور ایک دن پاکستان دنیا میں دودھ پیدا کرنے والے ممالک مین سرفہرست ہوگا۔اس کے علاوہ شو میں نوجونوں اور بچوں نے خوبصورت جانوروں کے ساتھ سیلفیاں بھی لی۔شو میں مختلف کمپنیوں نے اسٹالز بھی لگائیں اور سیمینار بھی کروائیں۔کیٹل شو میں پنجاب کے روایتی کھانا ساگ اور مکئی کی روٹی کے تیار کرنے والے سٹال پر شرکاء کا تانتا بندھا رہا۔شو میں سیمینار بھی کروایا گیا جس میں ڈیری فارمرز کو کم پیسوں میں افزائش سمیت دیگر مالی فائدوں کے حوالے سے بھی بتایا گیا۔سیمینار میں بتایا گیا کہ کیسے بیوپاری حضرات بہتر ادویات استعمال کر کے اپنے جانور کو صحت مند رکھ سکتے ہیں۔شو میں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔۔تقریب کے آخر میں مقامی لوک فنکاروں کی پرفارمنس نے شو کو چار چاند لگا دیئے بعدازں آتش بازی کا بھی مظاہرہ کیا گیا۔جسے شرکا نے خوب سراہا۔شرکاء کا کہنا تھا کہ ایسے کیٹل شو مقامی سطح پر منعقد ہونے چاہیے۔تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ موقع ملے اس طرح کی ایکٹیویٹی کا۔